ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی اپیل پر مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز سے اظہار یکجہتی کیلئے
نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا

کراچی۔۔۔9،مئی 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات میں دہشت گردوں کے خلاف جاری کارروائی میں حصہ لینے والی مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز سے اظہار یکجہتی کیلئے قومی پرچم لہرایا گیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، جاوید کاظمی، ڈاکٹر نصرت اور سیف یار خان نے پرچم کشائی کی اس موقع پر ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے مسلح افواج کی کامیابی،شہید فوجیوں کے بلند درجات،لواحقین کیلئے صبر جمیل اور ملک کی بقا،سلامتی اور امن واستحکام کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

12 مئی کی ہڑتال کی کال واپس لینے کے حوالے سے رحمٰن ملک کی قائد تحریک الطاف حسین سے کسی قسم کی کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ترجمان ایم کیوایم
رابطہ کمیٹی نے ملک کی سنگین اور نازک صورتحال کے پیش نظر حق پرست لویہ جرگہ کو ہڑتال واپس لینے کے فیصلے پر ازخود رضامند کیا ہے

کراچی۔۔۔9 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ترجمان نے اپنے ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ 12 مئی کی ہڑتال کی کال واپس لینے کے حوالے سے وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے کسی قسم کی کوئی گفتگو نہیں ہوئی ہے۔رابطہ کمیٹی نے ملک کی سنگین اور نازک صورتحال کے پیش نظر حق پرست لویہ جرگہ کو 12 مئی کی ہڑتال کی کال واپس لینے کے فیصلے پر ازخود رضامند کیا ہے۔

رابطہ کمیٹی کی جانب سے 12،مئی کو حق پرست لویہ جرگہ کی جانب سے یوم سیاہ منانے کے فیصلے کی حمایت واپس لینے کا فیصلہ
حق پرست لویہ جرگہ کے ارکان نے کے فیصلہ سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے 12،مئی کو ہڑتال کی کال واپس لینے پر آمادگی ظاہر کردی ہے
12،مئی کو مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے اپنے اپنے گھروں،دکانوں اور کاروباری مراکز پر قومی پرچم لہرائیں
محبّ وطن عوام دنیا پر واضح کردیں کہ ملک بھر کے عوام مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہیں

کراچی۔۔۔9،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے 12،مئی کو حق پرست لویہ جرگہ کی جانب سے یوم سیاہ منانے کے فیصلے کی حمایت واپس لیتے ہوئے اس دن مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے ملک بھر میں پاکستانی پرچم لہرانے کا فیصلہ کیا ہے اور پاکستان بھر کے محبّ وطن عوام سے اپیل کی کہ وہ 12،مئی کو اپنے اپنے گھروں پر پاکستان کے پرچم لہرائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں مسلح افواج اور سیکوریٹی ایجنسیوں کے اہلکار اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر انتہاء پسندوں اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس صورتحال کو سامنے رکھ کر ایم کیوایم نے فیصلہ کیا ہے کہ اس وقت پاکستان میں کسی بھی قسم کے احتجاج کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔حق پرست لویہ جرگہ کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے بعد رابطہ کمیٹی کے فیصلہ سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے 12،مئی کو ہڑتال کی کال واپس لینے پر آمادگی ظاہر کردی ہے۔رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے محبّ وطن عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ 12،مئی کو مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے اپنے اپنے گھروں،دکانوں،کاروباری مراکز،اور فیکٹریوں پر پاکستان کے قومی پرچم لہرائیں اور شمالی علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں شہید ہونے والے مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرکے دنیا پر واضح کردیں کہ ملک بھر کے عوام مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہیں۔

☆☆☆☆☆